NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

دولسانی خاص تعلیم کی تشکیل نو

نیویارک کے عزیزی مکین:

میں اپنے اساتذہ اور عملے کا شکر گزار ہوں جو ہمارے معذوری کے حامل طلبا کو ہر روز خدمات فراہم کرنے کے لیے انتھک محنت کرتے ہیں۔ ہماری اسکولی برادریوں میں، مجھے بہت سا عمدہ کام ہوتا ہوا نظر آرہا ہے؛ اور میں دیکھ رہا ہوں کہ خاص تعلیم کی مکمل تشکیلِ نو کے لیے شدید اصلاحات کی ضرورت ہے۔ موجودہ ساخت کے تحت، بہت زیادہ خاندانوں کو بنیادی خدمات حاصل کرنے میں دشواریاں پیش آتی ہیں یا اپنے بچے کے لیے ایک بہترین اسکول تلاش کرنے کے لیے ان کو کہیں اور دیکھنا پڑتا ہے۔ جبکہ ہم نے (گزشتہ) سالوں کے دوران خاص تعلیم میں اصلاحات کی ہیں، ہمیں اپنے معذوری کے حامل 200,000 طلبا کے خاندانوں کے لیے مزید کام کرنے کی ضرورت ہے۔

اس وجہ سے، معذوری کے حامل طلبا کی خدمت کرنے والے ہمارے پروگراموں میں تبدیلی لانے اور اعتماد کی تعمیر نو کے متعلق ہمارے نظریے کو بہتر بنانے میں مدد کرنے کے لیے رسائی کے طریقے کا آغاز کرنے —اور ایک حقیقی مشمولی پبلک اسکول نظام تخلیق کرنے کے لیے گزشتہ کل میں خاندانوں، حمایتوں اور معلمین کے شانہ بہ شانہ کھڑا تھا۔

اس نظریے کا مرکز تین اہم اصلاحات ہیں جو یہ یقینی بنائیں گی کہ ہمارے معذوری کے حامل تمام طلبا کو پھلنے پھولنے کے لیے درکار پروگراموں، معاونتوں، اور خدمات تک رسائی حاصل ہے:

کارآمد پروگراموں کو توسیع دینا

انفرادی تعلیمی پروگرام (IEPs — طالبِ علم کے لیے مخصوص منصوبہ جو معذوری کے حامل ہر طالبِ علم کے پاس ہوتا ہے) کے حامل طلبا کے لیے ہم اپنے چار کامیاب پروگراموں کو شہر بھر کی برادریوں میں توسیع دے رہے ہیں۔

T-34979 COMMS 2022 Dec PS+YOU Issue 10 (Urdu)

- ہمارے ASD (آٹیزم اسپیکٹرم ڈِس آرڈر) نیسٹ اور ہورائزن پروگرام ہمارے آٹیزم کے حامل طلبا کی تعلیمی اور سماجی صلاحیتوں کو تقویت دینے کے لیے کام کرتے ہیں۔ اس سال ہم نے 15 نئے پروگراموں کا اضافہ کیا ہے، شہر بھر میں کُل 49 ASD ہوارائزن اور 69 ASD نیسٹ پروگرامز ہوں گے۔
- ہمارا SEED (حسیاتی تحقیق، تعلیم، اور دریافت) آغاز کار پروگرام ان طلبا کو خدمت فراہم کرتا ہے جو ایسی شدید حسیاتی ضروریات کا مظاہرہ کرتے ہیں جو ان کی تعلیمی، سماجی-جذباتی تعلیم اور طرزِ عمل کو متاثر کرتی ہیں۔ ہم تعلیمی سال کے اختتام تک SEED کو شہر بھر کے 70 اضافی مقامات تک توسیع دیں گے اور ہم ہر ضلع میں ایک اور چار کے درمیان SEED مقامات کو کھولنے کے لیے کام کریں گے۔
- پاتھ پروگرام، جو کہ شدید جذباتی معذوری کے حامل طلبا کو خدمات فراہم کرتا ہے، اس کو تعلیمی سال کے اختتام تک چھ اسکولوں میں سات کلاس رومز تک توسیع دی جائے گی۔

IEPs کے حامل طلبا کے لیے طرزِ معاش کی جانب راہوں کی تعمیر کرنا

پہلی دفعہ، حالیہ IEP کے حامل ہائی اسکول کے طلبا متعلقہ خدمات کے شعبے میں سنیچر کے دنوں میں بامعاوضہ انٹرن شپس میں شرکت کرنے کے لیے درخواست دینے کے قابل ہوں گے۔ انٹرن شپس ان کو جسمانی، پیشہ ورانہ اور گویائی کے علاج میں طرزِ معاش کی تحقیق کرنے میں مدد کریں گی۔ یہ ہمارے طلبا کے لیے ایک انمول تجربہ ہو گا اور یہ ہائی اسکول کے بعد طرزِ معاش کی ایک راہ کو تخلیق کرے گا۔

ایک بہتر خاص تعلیم نظام تشکیل دینے کے لیے خاندانوں کو شراکت دار بننے کے لیے تقویت دینا

ہماری خاص تعلیم کی تشکیلِ نو ہماری بالکل نئی خاص تعلیم مشاورتی کونسل کے بغیر نامکمل ہو گی، جس میں والدین، مقامی قائدین، یونیورسٹیوں کے شراکت داران، حمایتی، طلبا اور معلمین شامل ہوتے ہیں۔ ہم نے مشاورتی کونسل کو تعلیم اور پروگرامنگ میں خلا کی نشان دہی کرنے میں مدد کرنے کے لیے اور ہمارے اسکول جس طرح ہمارے معذوری کے حامل طلبا کو خدمات کرتے ہیں ان کے لیے باہمت، پُرمعنی تجاویز دینے کے لیے با اختیار بنایا ہے۔

خاص تعلیم کی تشکیلِ نو اور ہمارے بچوں اور خاندانوں کے لیے پرمعنی طور پر بہتر، امید افزا پروگرام اور خدمات کی پیشکش کرنے کے لیے میں پوری برادری کے شانہ بہ شانہ کام کرنے کا متمنی ہوں۔

مائل بہ پرواز،
David C. Banks
چانسلر

معذوری کے حامل افراد کے بین الاقوامی دن کو منانا

3 دسمبر اقوامِ متحدہ کا معذوری کے حامل افراد کا بین الاقوامی دن ہے۔ اقوامِ متحدہ کی ویب سائٹ بیان کرتی ہے کہ "اس دن کو منانے کا مقصد معذوری کے مسائل کے فہم کو فروغ دینا اور معذوری کے حامل افراد کے وقار،حقوق اور بہبود کی معاونت کے لیے متحرک ہونا ہے۔"

ہم معذوری کے حامل طلبا کو فراہم کردہ پروگراموں کی تشکیلِ نو اور ان کو پرمعنی انداز میں بہتر بنانے کے لیے کام کرتے ہوئے اس قدرشناسی میں شریک ہیں۔

وڈیوز کا یہ سلسلہ ان چند ایک طریقوں کو نمایاں کرتا ہے جن کے ذریعے ہم تعلیمی معیار کو بہتر بنانے اور مواقع کے دائرہ کار کو توسیع دینے کے لیے کام کر رہے ہیں۔

“A Day in the Life of a New York City Speech Pathologist”

“New Lunch Program at Lillian Rashkis High School”

“Work Programs at Lillian Rashkis High School”

اگر آپ مزید PS+You ای میل پیغامات موصول نہیں کرنا چاہتے، براہِ مہربانی ن سبسکرائب کریں۔